قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّاهَا وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّاهَا

یقیناً فلاح پا گیا وہ جس نے پاک کیا نفس کو، اور یقیناً نامراد ہو گیا وہ جس نے خاک میں ملایا اس کو۔

اَلشَّمْسِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

وَٱلشَّمْسِ وَضُحَىٰهَا ﴿١﴾

قسم ہے سورج کی اور اسکی دھوپ چڑھنے کی،

وَٱلْقَمَرِ إِذَا تَلَىٰهَا ﴿٢﴾

اور چاند کی جب آئے اسکے (سورج) پیچھے،

وَٱلنَّهَارِ إِذَا جَلَّىٰهَا ﴿٣﴾

اور دن کی جب اسکو روشن کرے،

وَٱلَّيْلِ إِذَا يَغْشَىٰهَا ﴿٤﴾

اور رات کی، جب اس کو ڈھانپ لے،

وَٱلسَّمَآءِ وَمَا بَنَىٰهَا ﴿٥﴾

اور آسمان کی، اور جیسا اسکو بنایا،

وَٱلْأَرْضِ وَمَا طَحَىٰهَا ﴿٦﴾

اور زمین کی، اور جیسا اسکو پھیلایا،

وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّىٰهَا ﴿٧﴾

اور جی (نفسِ انسانی) کی، اور جیسا اسکو ٹھیک بنایا،

فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَىٰهَا ٨

پھر سمجھ دی اسکو ڈھٹائی (بدی) کی، اور بچ چلنے (پرہیزگاری) کی۔

قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّىٰهَا ٩

مراد کو پہنچا جس نے اسکو سنوارا۔

وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّىٰهَا ١٠

اور نامراد ہوا، جس نے اسکو خاک میں ملایا۔

كَذَّبَتْ ثَمُودُ بِطَغْوَىٰهَآ ١١

جھٹلایا ثمود نے اپنی شرارت سے،

إِذِ ٱنۢبَعَثَ أَشْقَىٰهَا ١٢

جب اُٹھ کھڑا ہوا ان میں بڑا بدبخت۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ ٱللَّهِ نَاقَةَ ٱللَّهِ وَسُقْيَـٰهَا ١٣

پھر کہا انکو اللہ کے رسول نے خبردار ہو اللہ کی اونٹنی سے اور اسکے پینے کی باری سے!

فَكَذَّبُوهُ فَعَقَرُوهَا

پھر انہوں نے اسکو جھٹلایا، پھر وہ کاٹ (ہلاک کر) ڈالی،

فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُم بِذَنۢبِهِمْ فَسَوَّىٰهَا ١٤

پھر الٹ مارا ان پر انکے رب نے (بسبب) انکے گناہ سے، پھر برابر کردیا۔

وَلَا يَخَافُ عُقْبَـٰهَا ١٥

اور وہ نہیں ڈرتا کہ پیچھا کریں گے۔

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com